ابھی گذشتہ مہینہ عزیزی ڈاکٹر محمد اسلم یہاں آئے تو میرے لئے پاکستان میں مطبوعہ کتابوں کا ایک بنڈل لیتے آئے تھے جن کو وہاں کے احباب نے ان کی معرفت ارسال کیا تھا۔ اس دورِ بے خبری و بے تعلقی میں اس بنڈل کی آمد ایک نعمتِ غیر مترقبہ ثابت ہوئی۔ اس لئے ان میں سے چند اہم کتابوں کا تذکرہ کر کے قارئین برہان کو بھی اس میں شریک کر لینا مناسب معلوم ہوا۔

(۱) سلوک الملوک از فضل اللہ بن روزبہان اصفہانی: اسلامی نظم و نسقِ حکومت پر یہ بہترین کتاب ہے جو نویں صدی ہجری میں تالیف ہوئی، ڈاکٹر محمد اسلم صدر شعبۂ تاریخ پنجاب یونیورسٹی لاہور نے قیام انگلینڈ کے زمانہ میں پروفیسر آربیری کے مشورہ سے اس کا مع تعلیقات کے انگریزی میں ترجمہ کیا تھا۔ اب یونیسکو کی مدد سے یہ ترجمہ ندوۃ المصنفین، لاہور کی طرف سے بڑے اہتمام سے شایع ہوا ہے، ضخامت ۴۴۰ صفحات۔ ٹائپ، طباعت، کاغذ اور گٹ اپ سب اعلیٰ قیمت -/50

(۲) سید علی ہمدانی از ڈاکٹر سید اشرف ظفر۔ سید علی ہمدانی جو عام طور پر شاہ ہمدان کے لقب سے معروف ہیں آٹھویں صدی ہجری میں وادیٔ کشمیر کے بہت مشہور اور بلند پایہ صوفی اور بزرگ تھے۔ یہ کتاب ان کے حالات و سوانح پر پی ایچ۔ ڈی کا مقالہ ہے۔ مطبوعہ ندوۃ المصنفین، لاہور، ضخامت ۳۲۸ صفحات، کتابت و طباعت اعلیٰ، قیمت 10/50

(۳) صحیفہ اقبال نمبر حصہ اول و دوم مرتبہ ڈاکٹر وحید قریشی و جناب کلب علی خاں فائق، علامہ اقبال کی شخصیت، نجی زندگی، فن اور اُن کے پیغام پر نہایت معلومات افزا اور بصیرت افروز مقالات کا مجموعہ! ضخامت ۵۵۰ صفحات۔ ٹائپ اور طباعت اعلیٰ سالانہ چندہ -/10

(۴) قانونی لغت از مولوی تنزیل الرحمٰن صاحب ایڈوکیٹ، قانون کے انگریزی لفظوں اور اصطلاحات کا اردو میں ترجمہ اور اس اعتبار سے اہم کتاب تقطیع کلاں

ضخامت ۳۶۴ صفحات، کتابت وطباعت اعلیٰ قیمت -/18

(۵) کاشف الاسرار یعنی سورۂ فاتحہ کی تفسیر از مولانا عبدالسلام نیازی مرحوم کتاب ابھی پریس سے نہیں آئی ہے، جلدی میں اس کو اسی ناتمام حالت میں بھیج دیا ہے۔

(۶) تاریخ تصوف، از مولانا عبدالصمد صارم الازہری ضخامت ۴۰۰ صفحات کتابت وطباعت معمولی۔ قیمت -/15

(۷) شعر العرب جلد اول از مولانا عبدالصمد صارم الازہری، ابن قتیبہ کی مشہور کتاب "الشعر والشعراء" کا اردو ترجمہ ضخامت ۴۰۰ صفحات، کتابت وطباعت بہتر۔

(۸) مقام غالب از مولانا عبدالصمد صارم۔ غالب کے کلام کا ایک تنقیدی مطالعہ: ضخامت ۲۷۰ صفحات۔

سطور بالا میں کتابوں کا صرف تذکرہ اور اُن کا تعارف کرایا گیا ہے، ان پر تبصرہ پھر کبھی جستہ جستہ حسب موقع وگنجائش ہوگا۔

ندوۃ المصنفین دہلی کی ایک جدید کتاب

تہذیب کی تشکیلِ جدید

اخلاق وعادات حسن ذوق وعمل قوموں کے اصول وقوانین اُن کی زندگی کے نصب العین وغیرہ یہ چیزیں ہیں جو تہذیب کے دائرے میں آتی ہیں۔ مغربی تہذیب دو گروہوں میں بٹی ہوئی ہے ایک گروہ تو وہ ہے جو مشرق کو مغرب میں دراندازی کا موقعہ دینا نہیں چاہتا دوسرا گروہ جو تکوین وتشکیل کے ہر مرحلہ میں مشرق ہی کو اثر انداز مانتا ہے اس افراط وتفریط کی وجہ قومی عصبیت صلیبی جنگیں مطالعہ وتحقیق کی کمی وغیرہ ہے۔

مصنف نے اس کتاب میں تشکیلِ جدید کے بنیادی خدوخال بیان کرنے کے ساتھ یہ کوشش کی ہے کہ زندگی میں مغربی تہذیب کے اثرات کا کسی قدر تفصیلی ذکر ہو جائے تاکہ دونوں کے تقابلی مطالعہ میں سہولت ہو مذاہب کا تقابلی مطالعہ کرنے والوں کے لئے ایک محققانہ کتاب، کتاب کے مطالعہ سے تہذیب کی تشکیل جدید کے